© rasailojaraid.com

ڈاکٹر حافظ محمد ثانی، استاد گورنمنٹ ڈگری کالج، بفرزون، کراچی

ششماہی السیرہ عالمی کا ہر شمارہ سیرت نبوی ﷺ کے ہمہ جہت موضوعات پر مشتمل ہوتا ہے، برعظیم پاک و ہند کا یہ واحد علمی، تحقیقی مجلہ ہے جو موضوعات کی جدت، عنوانات کی انفرادیت اور علمی اسلوب کے حوالے سے دائرہ معارف سیرت کی حیثیت اختیار کر چکا ہے، ذکر رسول ﷺ کی رفعت و عظمت کا پرچم بلند کیے ادارہ ششماہی السیرہ عالمی کے مدیران لائق مبارک باد ہیں، اللہ انہیں مزید ہمت واستقامت عطا فرمائیں۔

ماہنامہ نقیب ختم نبوت، ملتان، ستمبر ۲۰۰۳ء

ششماہی ''السیرہ'' نے ربیع الاوّل کے حوالے سے ایک خوبصورت اشاعت کا اہتمام کیا ہے، جس میں شب ظلمت (عرب قبل از اسلام)، حجۃ الوداع (مطالعات و مآخذ پر ایک نظر)، سندِ حدیث اور مستشرقین، رسول کریم ﷺ کے طریقۂ تعلیم کی خصوصیات، انسانی شخصیت و کردار، سیرت طیبہ کی روشنی میں، مقالات سیرت ایک تعارفی جائزہ، کتاب اللہ اور اصحابِ رسول اللہ ﷺ جیسے وقیع موضوعات پر قلم اٹھایا گیا ہے۔

مجموعی طور پر ششماہی ''السیرہ'' کی یہ اشاعت سابقہ ہر اشاعت کی طرح قابل داد ہے۔

ماہنامہ افکار معلم، لاہور۔ جون ۲۰۰۳ء

زیر نظر مجلّے کے فاضل مدیر نے اپنے اداریے میں سیرت کا یہی پیغام رگ وریشے میں اتارنے کی کوشش کی ہے کہ راست گوئی کا التزام اور کذب بیانی سے احتراز ہی انسانی معاشرے کو سکون وقرار کی نعمت سے سرفراز کر سکتا ہے، انفرادی زندگی میں راست گوئی جتنی ناگزیر ہے، اجتماعی زندگی میں بھی اس کا اتنا ہی اہتمام لازمی ہے تاکہ پورا معاشرہ اعتماد و اعتبار کی فضا سے لبریز ہو کر انسانی فلاح و بہبود اور اقامت دین کے فریضے کی بجا آوری کو کامیابی سے ہم کنار کر دے، انہوں نے قرآن وسنت کی روشنی میں راست گوئی کی اہمیت وضرورت اس کا اخلاقی مرتبہ ومقام اور معاشرے پر اس کے اثرات واضح کیے ہیں،

فاضل مدیر مجلّہ نے کذب وافترا کی مذمت وشناعت بیان کرتے ہوئے اس کی متعدد قسموں کی نشان دہی کی، کذب و دروغ گوئی نے ہمارے معاشرے کو اس بری طرح جکڑ رکھا ہے کہ کوئی شعبہ حیات اس سے محفوظ نہیں......عمدہ کاغذ اور بہترین گیٹ اپ کا حامل السیرہ عالمی کا یہ شمارہ (مئی ۲۰۰۳ء) ہر تعلیم یافتہ مسلمان کے مطالعے میں آنا چاہیے۔ مجلّے کے مدیر اور نائب مدیر مبارک باد کے مستحق ہیں کہ باقاعدگی سے سیرت النبی ﷺ پر منتخب مقالات کا مجموعہ شائع کرتے رہتے ہیں۔

© rasailojaraid.com